پریس ریلیز

پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل (POCG) کا لاہور میں اجلاس۔

عدنان چوہدری صدر پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل لاہور منتخب، نوٹیفکیشن جاری

لاہور 25 مئی 2023 : چیئر مین اوورسیز کمیونٹی گلوبل میاں طارق کی ہدایت پر سکھ چین کلب لاہور میں پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل کے اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں عدنان چوہدری کو پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل لاہور کا صدر منتخب کیا گیا۔تقریب میں پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل عزیز اللہ خان پنجاب کے صدر، سجاد چٹھہ سنئیر نائب صدر، برینڈ ایمبسیڈر / فلمسٹار میڈم نشو، سابق ممبر صوبائی اسمبلی فرح دیبا، لیگل ایڈوائزر محمد خرم، غفار سیٹھی سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی۔اس موقع پر برینڈ ایمبسیڈر / فلمسٹار میڈم نشو نے باقاعدہ طور پر عدنان چوہدری کو پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل لاہور کا نوٹیفکیشن پیش کیا۔اس موقع پر نومنتخب صدر عدنان چوہدری نے اوورسیز پاکستان کمیونٹی گلوبل کے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پی سی او جی پاکستان کے تمام اداروں کے ساتھ رابطہ اور لائزان کو مضبوط کرے گی تاکہ اوورسیز پاکستانی کمیونٹی کے مسائل کو ترجیحاً حل کیا جا سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے انہیں ہر ممکن سپورٹ اور مشاورت فراہم کی جائے گی۔اوورسیز پاکستان کمیونٹی ملکی معیشت میں کلیدی کردار ہے۔نومنتخب صدر کی انسٹالیشن کے بعد ڈنر کا اہتمام بھی کیا گیا۔

☆☆☆☆